جہت صلاحیتوں کے مالک ہیں، اس عمر میں بھی جوانوں کی طرح جدوجہد کرتے ہیں۔ ریٹائرمنٹ کے بعد مسلسل تصنیف و تالیف میں مصروف ہیں، اس کتاب میں آپ ﷺ کی سیرت قرآن کریم کی روشنی میں پیش کی ہے۔ پوری کتاب ۱۹۔ابواب میں تقسیم ہے۔

مصنف نے پہلے قرآنی آیت پیش کی ہے، پھر سیرت کے متعلقہ گوشہ پر روشنی ڈالی ہے، اس سے قبل مختلف شخصیات نے اس پہلو پر کام کیا ہے۔ یہ اچھی کوشش اور اضافہ ہے، اللہ تعالیٰ موصوف کی اس خدمت کو قبول فرمائے اور مزید خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

کتاب کا نام: تکفیر کے شرعی قواعد وضوابط
ابن تیمیہ کے افکار کی روشنی میں

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر عصمت اللہ... نظر ثانی: پروفیسر ڈاکٹر عبدالحی ابڑو

ناشر: بین الاقوامی ادارہ برائے فروغ رواداری بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

قیمت وصفحات: درج نہیں، ۷۹ صفحات

ڈاکٹر عصمت اللہ صاحب بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے پروفیسر ہیں، اورمعروف ریسرچ اسکالر ہیں، آپ کی متعدد تحقیقی کتب شائع ہوچکی ہیں، آج تکفیری ٹولہ اپنے مخالفوں کو تکفیری کہہ رہا ہے، اور بعض مدرسہ کے مفتیوں نے اپنے مخالف کو تکفیری فتوی کا نشانہ بنایا ہوا ہے۔

ضرورت اتحاد امت کی ہے، مگر تکفیر کا مسئلہ مسلمانوں کے درمیان بڑے فتنہ کا سبب بنا ہوا ہے۔ کتاب کی تقریب رونمائی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے مرکزی آڈیٹوریم میں ہوئی، اس تقریب رونمائی میں ڈاکٹر صاحب نے مجھے بھی خطاب کا حکم فرمایا جو کہ میرے لئے اعزاز تھا۔ کتاب کے آغاز میں تکفیر کے حوالہ سے بارہ قواعد پیش کئے ہیں، پھر شرائط و موانع تکفیر بیان کئے ہیں۔ اور اہلسنت والجماعت کا نقطہ نظر ابن تیمیہ کی آراء کی روشنی میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔